2025-03-03

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج، جنگلاتی زندگی کے عالمی دن کے موقع پر گجرات میں، ساسن گیر میں جنگلاتی زندگی سے متعلق قومی بورڈ کی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

2- داخلی امور اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ آج نئی دلّی میں، ڈیری شعبے میں دیرپائیگی اور مساوات سے متعلق ورکشاپ کا افتتاح کریں گے۔

3- بی جے پی کی قیادت والی دلّی سرکار اس مہینے کی 8 تاریخ سے مہیلا سَمردھی یوجنا کے تحت ڈھائی ہزار روپے ماہانہ فراہم کرنے کے لیے رجسٹریشن کا عمل شروع کرے گی۔

4- Zoe Saldana نے، 97 ویں اکیڈمی ایوارڈز کی تقریب میں، Emilia Perez فلم پر، بہترین سَپورٹنگ ایکٹریس کا خطاب جیتا ہے۔

5- برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer نے یوکرین سے متعلق ایک کامیاب امن معاہدے کے لیے 4 نکاتی منصوبہ تیار کیا ہے۔

6- اور کرکٹ میں، چیمپئنس ٹرافی میں گروپ اے کے تحت بھارت نے نیو زیلینڈ کو 44 رن سے ہرا کر سرِ فہرست پوزیشن حاصل کی۔ اب سیمی فائنل میں اُس کا مقابلہ آسٹریلیا سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev.PM Gujrat

وزیر اعظم نریندر مودی آج، جنگلاتی زندگی کے عالمی دن کے موقع پر گجرات کے جُونا گڑھ ضلعے میں ساسن گیر کے مقام پر، جنگلاتی زندگی کے قومی بورڈ NBWL کی ایک میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ اس بورڈ کے 47 ارکان ہیں، جن میں فوج کے سربراہ، مختلف ریاستوں کے ارکان، اِس میدان میں کام کرنے والی غیر سرکاری تنظیمیں کے نمائندگان، جنگلاتی زندگی کے چیف Wardens اور مختلف ریاستوں کے سکریٹریز شامل ہیں۔

یہ بورڈ جنگلاتی زندگی اور جنگلوں کے فروغ اور تحفظ کے لیے، وزیر اعظم کی صدر نشینی میں کام کرتا ہے۔

وزیر اعظم گیر میں سِنگھ سدن کیمپس میں، شجرکاری میں بھی شرکت کریں گے۔ وہ جنگلاتی زندگی کے تحفظ اور بندوبست کے مقصد سے، فیلڈ عملے کے لیے، گشت کرنے والی Bikes کو جھنڈی دِکھا کر روانہ کریں گے۔

وزیر اعظم، ماحولیات سے متعلق Guides, Tracker اور فیلڈ عملے سے بات چیت بھی کریں گے۔

وزیر اعظم اس میٹنگ سے پہلے، گیر قومی پارک میں ببر شیروں کی پناہ گاہ بھی جائیں گے۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ ساسن گیر، دنیا میں ایشیائی ببر شیروں کی واحد پناہ گاہ ہے اور یہاں ببر شیروں کی تعداد میں لگاتار اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ بات 2020 کی نمبر شماری سے پتہ چلی ہے۔ گیر کے جنگلاتی علاقے میں ببر شیروں کی کُل تعداد 674 ہے۔

ایک رپورٹ

V/C Aparna Khunt

فی الحال ایشیائی ببر شیر، گجرات میں 9 ضلعوں کے 53 تعلقوں میں رہتے ہیں۔ مرکز ریاستی سرکاروں نے اِن ببر شیروں کے تحفظ کے لیے بہت سے اقدامات کیے ہیں۔ سرکاروں نے دیگر جنگلاتی جانوروں کے تحفظ کے لیے اقدامات کیے ہیں۔ ایک قومی پروجیکٹ Lion کے مقصد سے جنگلاتی زندگی کے لیے ایک مرکز بھی قائم کیا جا رہا ہے، جو جُونا گڑھ ضلعے کے New Pipalya علاقے میں 20 اعشاریہ دو چار ہیکٹئیر زمین پر واقع ہوگا۔ اس کے علاوہ جنگلاتی زندگی کے لیے ایک قریبی نظر رکھنے والا مرکز اور جدید ترین سہولیات سے لیس اسپتال بھی قائم کیا جائے گا۔ پچھلے 5 سال میں 33 لاکھ سے زیادہ سیاحوں نے گیر کے اس تحفظاتی علاقے کی سیر کی ہے۔

اَپرنا کھُنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

Rev.Shah Dairy Workshop

داخلی امور اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ آج نئی دلّی میں، ڈیری کے شعبے میں دیرپائیگی اور مساوات کے بارے میں ایک ورکشاپ کا افتتاح کریں گے۔ ورکشاپ میں، امدادِ باہمی کی وزارت، مویشیوں کی افزائشِ نسل، ڈیری اور ماہی پروری کی وزارت کی پالیسیوں اور اقدامات پر توجہ مرکوز کی جائے گی، جس کا مقصد ماحولیات کے تئیں ذمہ داریوں کو پورا کرتے ہوئے، اور اقتصادی ترقی کو یقینی بناتے ہوئے، دیرپا ڈیری فارمنگ کو فروغ دینا ہے۔

ایک رپورٹ

V/C - Saqlain

ورکشاپ میں، بہت سی ریاستوں میں، بائیو گیس پلانٹس قائم کرنے کے لیے مفاہمت ناموں پر دستخط کیے جائیں گے۔ ورکشاپ کے دوران انسانی کھاد کے دیرپا بندوبست کے طور طریقوں پر تکنیکی اجلاس بھی منعقد کیے جائیں گے، جن میں ڈیری سے نکلنے والے کچرے کو بائیو گیس، کمپریسڈ بائیو گیس اور آرگینِک کھادوں میں بدلا جاتا ہے۔

ورکشاپ کے دوران ڈیری کے قومی ترقیاتی بورڈ، صنعت اور عالمی تنظیموں کے ماہرین، ڈیری سے متعلق مساویانہ طور طریقوں کو توسیع دینے، مالی متبادل کی تلاش، کاربن کریڈٹ موقعوں اور کچرے سے توانائی تیار کرنے کے طریقۂ کار پر تبادلہئ خیال کیا جائے گا۔

ورکشاپ میں، ڈیری فارمنگ کو مزید کارگر بنانے میں جدید ٹیکنالوجی کے رول کو بھی اُجاگر کیا جائے گا۔

ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

Delhi Mahila Samridhi Yojana

بی جے پی کی قیادت والی دلی حکومت اس مہینے کی 8 تاریخ سے مہیلا سمردِھی یوجنا کے تحت ہر مہینے دو ہزار پانچ سو روپے کی رقم فراہم کرنے کے لیے رجسٹریشن کا عمل شروع کرے گی۔

دلی اسمبلی انتِخابات کے دوران BJP نے وعدہ کیاتھا کہ اگر وہ اقتدار میں آئی، تو اقتصادی طور پر پسماندہ طبقّات سے تعلق رکھنِے والی خواتین کے لیے یہ اسکیم نافذ کرے گی۔

نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے دلی بی جے پی رکن پارلیمنٹ منوج تیواری نے کہا کہ ایک ماہ کے اندر اندر مجاز غریب خواتین کی شناخت کی جائے گی اور رقم کی منتقلی کاعمل جلد ہی شروع کیا جائے گا۔

S/B Manoj Tiwari

Delhi Assembly

دلی اسمبلی آج سے CAG رپورٹ پر دوبارہ بحث شروع کرے گی۔ جو عام آدمی پارٹی کے زیر قیادت دلی حکومت کے دوران صحت عامہ کے بنیادی ڈھانچے اور خدمات کے اِنتِظام پر مبنی آڈٹ سے متعلق ہے۔ یہ رپورٹ دلی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا نے 28 فرروری کواسمبلی میں پیش کی تھی۔

یہ رپورٹ 2016-17 سے 2021-22 کے عرصے کو شامل کیا گیا ہے اور اس میں کووڈ وبا کے دوران پروجیکٹ کی عمل آوری میں تاخیر، فنڈس کے کم استعمال اور شہر کے اسپتالوں میں دواؤں اور عملے کی قلت کو نمایاں کیا گیا ہے۔x

J&K Session Budgetئ ْ

جموں و کشمیر اسمبلی کا ایک ماہ طویل بجٹ اجلاس آج جموں میں، لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا کے خطاب کے ساتھ شروع ہوگا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Gulshan Raina

یہ اسمبلی اجلاس قومی ترانے کے ساتھ شروع ہوگا، جسے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے ڈائس پر پہنچنے کے دوران بینڈ کے ذریعے بجایا جائے گا اور خطاب کے اختتام پر پھر سے بجایا جائے گا۔

لیفٹننٹ گورنر صبح دس بجے قانون ساز اسمبلی کے ممبروں سے خطاب کریں گے اور آئندہ مالی سال کے حکومت کے ویژن کو پیش کریں گے۔

ممبروں کو ہدایات دی گئی ہیں کہ وہ وقار کو برقرار رکھیں اور خطاب کو دھیان سے سنیں۔ بجٹ اجلاس کے خوش اسلوبی سے انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔

لیجسلیٹو کامپیلیس کے اطراف، سیکیورٹی کے انتظامات بڑھا دیے گئے ہیں۔ یہ بجٹ اجلاس ایسے وقت منعقد ہو رہا ہے جب جموں و کشمیر انتظامیہ بنیادی ڈھانچے کے فروغ، بہبود کے پروگراموں اور پالیسیوں پر توجہ مرکوز کر رہی ہے، جس کا مقصد مرکز کے زیر انتظام علاقے میں اقتصادی ترقی کو فروغ دینا ہے۔

لیفٹننٹ گورنر کا یہ خطاب دوردرشن کیندر، اور آکاشوانی جموں کے ذریعے نشر اور ٹیلی کاسٹ کیا جائے گا۔

جموں سے گلشن رینا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...............

## Delhi HC Smartphones

دلّی ہائی کورٹ نے، اسکولوں میں اسمارٹ فونز کے استعمال کے بارے میں کچھ رہنماء خطوط جاری کیے ہیں۔ عدالت نے کہا ہے کہ طلبا کو، اسمارٹ فونز لے جانے سے منع نہ کیا جائے بلکہ اسکول میں موبائل کا استعمال ضابطے کے تحت ہو، اور اس پر نظر رکھی جائے۔

جسٹس انوپ جے رام بھمبھانی پر مشتمل ایک بنچ نے کہا کہ اسکولوں میں ذمہ دارانہ آن لائن رویے، ڈیجیٹل آداب اور اسمارٹ فون کے اخلاقی استعمال کے بارے میں لازمی طور پر بتایا جائے۔ بنچ نے یہ بھی کہا کہ طلبا کی کاؤنسلنگ کی جانی چاہیے کہ موبائل کے بہت زیادہ استعمال اور سوشل میڈیا پر سرگرم رہنے سے، طبیعت میں بے چینی پیدا ہو سکتی ہے، یکسوئی میں کمی آ سکتی ہے اور سائبر خطرات پیدا ہو سکتے ہیں۔

اسکول کے عام حصوں اور اسکول کی گاڑیوں میں، اسمارٹ فون کے کیمرے اور ریکارڈنگ کے استعمال پر بھی پابندی ہونی چاہیے۔

اسکول میں اسمارٹ فون کے استعمال کو ضابطے میں لانے اور اس پر نظر رکھنے سے متعلق پالیسی، والدین، اساتذہ اور ماہرین کے مشورے سے تیار کی جائے تاکہ ایک ایسا متوازن طریقۂ کار تیار ہو، جس سے سبھی متعلقہ فریقوں کی ضرورتیں پوری ہوں اور اس سلسلے میں کسی بھی طرح کی تشویش دور ہو۔

جسٹس بھمبھانی کی بنچ سے کیندریہ وِدیالیہ سنگٹھن KVS نے درخواست کی تھی کہ اسکولوں میں اسمارٹ فون کے استعمال کے بارے میں رہنماء خطوط تیار کیے جائیں۔×

## MP Electricity

مدھیہ پردیش میں کسانوں کو اب پانچ روپے میں بجلی کے مستقل کنکشن فراہم کیے جائیں گے۔ کَل بھوپال میں منعقد کسان آبھار سمّیلن میں وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے کہا کہ یہ سہولت ریاست بھر میں کسانوں کو مرحلے وار طریقے سے دَستِیاب کرائی جائے گی-x

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

## Capsule: Sanjeev Sharma

وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے بتایا ہے کہ کم از کم قیمت پر بجلی کنکشن فراہم کرنے کا عمل، وسطی خطے میں فوری طور پر شروع ہو چکا ہے۔

ریاستی حکومت بجلی پیدا کرنے میں انھیں خود کفیل بنَانے کے لیے اگلے تین برسوں میں کسانوں کو 30 لاکھ شمسی پمپ بھی فراہم کرے گی۔

شمسی پمپ پالیسِی کے تحت ہر سال 10 لاکھ کنکشنس دیے جائیں گے۔ صرف یہ ہی نہیں بلکہ کسانوں کے ذریعے شمسی توانائی سے پیدا کی گئی بجلی کو خریدا جائے گا اور انھیں نقد ادائیگی کی جائے گی۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............

## Oscar 2025

لاس انجلس میں، 97 ویں اکیڈمی ایوارڈز کی تقریب میں Zoe Saldana نے Emilia Perez فلم پر، بہترین سَپورٹنگ ایکٹریس کا، آسکر ایوارڈ جیتا ہے۔

Kieran Culkin نے A Real Pain فلم پر بہترین سَپورٹنگ ایکٹر کا خطاب حاصل کیا ہے۔

اسی دوران Sean Baker کی فلم Anora نے بہترین فلم ایڈیٹنگ کا خطاب حاصل کیا ہے۔x

## Europe Ukraine

برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer نے، یوکرین سے متعلق ایک کامیاب امن معاہدے کے لیے، 4 نکاتی منصوبہ تیار کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ برطانیہ، دیگر یوروپی اتحادیوں کے ساتھ ساتھ، برّی اور فضائی سطح پر، اُس کی حمایت کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ یوکرین کی حمایت کے لیے کسی بھی نئے معاہدے کو پوری حمایت حاصل ہونی چاہیے، جس میں ہر ایک ملک کو اپنی ذمہ داری نبھاتے ہوئے بہترین طریقے سے تعاون کرنا چاہیے۔

کل لندن سربراہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب Starmer نے کہا کہ یوروپی رہنماؤں نے 4 بنیادی اقدامات سے اتفاق کیا ہے۔ پہلا یہ کہ جنگ کے دوران یوکرین کو دی جانے والی فوجی امداد جاری رکھی جائے اور روس پر اقتصادی دباؤ میں اضافہ کیا جائے۔

دوسرے یہ کہ امن سے متعلق کسی بھی دیرپا سمجھوتے میں، یوکرین کی خودمختاری اور سلامتی کی ضمانت دی جائے اور سبھی امن مذاکرات میں یوکرین کو شامل کیا جائے۔ تیسرے یہ کہ کسی

بھی امن معاہدے کے تحت یوروپی رہنماء، مستقبل میں یوکرین میں روسی دراندازی کی مزاحمت کے لیے کام کریں گے۔ چوتھے یہ کہ یوکرین کے دفاع اور خطّے میں دیرپا امن کو یقینی بنانے کے لیے خواہشمند ملکوں کا ایک اتحاد تشکیل دیا جائے گا۔

اس کانفرنس میں ترکیہ کے وزیر خارجہ، ناٹو کے سکریٹری جنرل اور یوروپی کمیشن نیز یوروپی کونسل کے صدور نے شرکت کی۔×

Mobile WOrld Congress

مواصلات کے مرکزی وزیر جیوترادتیہ سندھیہ، اسپین کے شہر بارسیلونا میں، موبائل عالمی کانگریس ایم ڈبلیو سی 2025 میں، بھارت کی نمائندگی کریں گے۔ یہ کانگریس آج سے 6 مارچ تک جاری رہے گی۔ وہ اس کانگریس میں، بھارت پویلین کا افتتاح کریں گے، جو ٹیکنالوجی اور مواصلات سے متعلق، دنیا کی سب سے بڑی اور بااثر تقاریب میں سے ایک ہے۔

انڈیا موبائل کانگریس، ایک ایسا پلیٹ فارم ہے، جہاں بھارت کے اختراعی ایکو نظام کو نمایاں کیا جاتا ہے اور سرکردہ ٹیلی کوم کمپنیاں نیز اختراع کار، اپنی جدید ترین تخلیقات اور دیرپا حل پیش کرتے ہیں۔

بھارت پویلین میں، بھارت کے مواصلاتی آلات کی 38 مینوفیکچرر کمپنیاں جدید ترین مصنوعات پیش کریں گی، جن میں ہارڈویئر اور سافٹ ویئر دونوں شامل ہیں۔

جناب سندھیہ اپنے دورے میں، G5، AI، G6، کوانٹم اور اگلے دور کی موبائل ٹیکنالوجیز کے میدان میں، تازہ ترین پیش رفت کے سلسلے میں موقعے تلاش کرنے کے لیے عالمی صنعت کاروں، پالیسی سازوں اور اختراع کاروں سے ملاقات کریں گے۔×

بھارت اور امریکہ کے، مجوزہ باہمی تجارتی سمجھوتے کے لیے بات چیت شروع کیے جانے کی تیاری کے ساتھ کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل کا آج سے واشنگٹن دورہ شروع ہوگا۔

توقع ہے کہ جناب گوئل امریکی کاروباری نمائندے Jamieson Greer (USTR) اور امریکی کامرس کے سکریٹری Howard Lutnick کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

وزیراعظم نریندر مودی کے واشنگٹن کے حالیہ دورے کے دوران بھارت اور امریکہ نے سال 2030 تک دوطرفہ تجارت کوپانچ سو بلین امریکی ڈالر سے زیادہ کرنے کے اپنے عزم کا اعلان کیا تھا۔ انھوں نے 2025 کے آخر تک کثیر شعبہ جاتی دو طرفہ تجارتی سمجھوتے(BTA) کی پہلی قسط پر مذاکرات کرنے کا منصوبہ بھی تیار کیا ہے۔

پچھلے مہینے جناب گوئل نے کہا تھا کہ بھارت اور امریکہ باہمی تجارت کو 500 بلین امریکی ڈالر تک بڑھانے اور اگلے چھ سے آٹھ مہینے کے اندر ایک مضبوط تجارتی سمجھوتے پر بات چیت کرنے کے تئیں پُر عزم ہیں۔x

Sports Soundup

اور کھیلوں میں آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں کل رات  دبئی میں بھارت نے نیوزی لینڈ کو 44 رنز سے ہرا دیا۔ اب بھارت کا مقابلہ سیمی فائنل میں آسٹریلیا کی ٹیم سے ہوگا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارتی ٹیم نے شریاس ایئر کے نواسی رنز اور ہاردک پانڈیا کے 45 رنز کے ساتھ 9 وکٹ پر 249 رنز بنائے۔ جواب میں نیوزلینڈ کی پوری ٹیم 45 اوورز اور تین گیندوں میں 205 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ نیوزی لینڈ کی طرف سے Kane Williamson نے سب سے زیادہ 81 رن بنائے۔

بھارت کی طرف سے کھیلتے ہوئے Chakravarthy نے اپنے پہلے ایک روزہ میچ میں پانچ وکٹ لے کر اچھی کارکردگی کا مظاہر کیا اور انھیں پلیئر آف دی میچ کا ایوارڈ ملا۔

S/B Chakravarthy

اس جیت کے ساتھ بھارت گروپ اے میں سب سے آگے ہے۔ اس نے گروپ اسٹیج کے اپنے سبھی تین میچ جیت لیے ہیں۔ بھارتی ٹیم کل دبئی میں سیمی فائنل مقابلے میں آسٹریلیا کا سامنا کرے گی۔ وہیں نیوزی لینڈ بدھ کو دوسرے سیمی فائنل میں لاہور میں گروپ بی کے لیڈر جنوبی افریقہ کرا سامنا کرے گا۔

فٹ بال میں انڈین سپر لیگ ISL میں کل رات کولکاتہ کے Vivekananda Yuva Bharati Karirangn اسٹیڈیم میں ایسٹ بنگال اور بینگلور ایس سی کے درمیان میچ 1-1 سے ڈرا ہوگیا۔ اب ایسٹ بنگال 23 میچ کھیل کر 28 پوائنٹس کے ساتھ آٹھویں مقام پر ہے اور باقی بچے صرف ایک میچ میں یہ ٹیم 31 پوائنٹس  تک حاصل کر سکتی ہے جبکہ نارتھ ایسٹ یونائیٹڈ ایف سی 32 پوائنٹس کے ساتھ چھٹے مقام پر رہے۔

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے  IMD نے آج جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلستستان، مظفر آباد، اور ہماچل پردیش میں دور دور تک موسلہ دھار بارش یا برفباری کی پیش گوئی کی ہے۔

موسمیات سے متعلق ایجنسِی کے مطابق ساحلی کرناٹک کے دور دراز کے علاقوں میں آج شدید گرمی کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے دفتر نے بتایا ہے کہ اگلے دو روز کے دوران کونکن اور گوا میں بہت زیادہ گرمی اور اُمس کا موسم رہنے کا امکان ہے۔

IMD نے پیش گوئی کی ہے کہ اگلے 24 گھنٹے کے دوران وسطی بھارت میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں کوئی خاص تبدیلی نہیں ہوگی۔

Must Announcment

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام،  پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ”موٹاپے سے متعلق تشویش میں اضافہ اور

احتیاطی اقدام" کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، ایمس نئی دلّی کے، قلبی امراض کے محکمے سے وابستہ اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر سوربھ اگستَم اور Dietician ڈاکٹر مالا منرال کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

India Bangladesh Riverd Experts

بھارت اور بنگلہ دیش کے دریا سے متعلق ماہرین آج مغربی بنگال کے Farakka کا دورہ کریں گے، تاکہ وہاں پانی کی سطح کا جائزہ لیا جا سکے اور گنگا آبی معاہدے کی تجدید کو آگے بڑھایا جا سکے، جو دسمبر 2026 میں ختم ہونے والا ہے۔ ایک گیارہ رکنی بنگلہ دیشی ٹیم جس کی قیادت جوائنٹ ریور کمیشن JRC کے ایک رکن محمد ابو الحسن کریں گے۔ Farakka میں مشاہدے میں حصہ لینے کے لیے ایک گیارہ رکنی بھارتی وفد کے ساتھ شامل ہوں گے۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......آسیہ

شکریہ - اسلم

دارالحکومت دلی سے شائع ہونے والے اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی شہ سرخی ہے: تروواننیتورم میں "جمہوریت، ڈیمو گرافی، ترقی اور بھارت کا مستقبل" کے موضوع پر نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کے خطاب کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ انھوں نے کہا کہ "پارلیمنٹ کو عوام کے لیے مثالی رول ادا کرنا چاہیے، جو لوگوں کی امنگوں کو حقیقت میں بدل دے۔"

روزنامہ انقِلاب نے وزیر داخلہ امت شاہ کے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پریوسٹ کی خبر کو صفحَہئ اول پر شائع کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ مودی حکومت منشیات کے اسمگلروں کو سزا دینے میں کسر باقی نہیں رکھے گی۔

روزنامہ پرتاپ نے اتراکھنڈ کے چمولی میں پھر چٹانیں گرنے کا اندیشہ! انتِظامیہ کے لوگوں کو الرٹ کرنے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس سے پہلے پیش آئے حادثے میں برف کے نیچے دبے آٹھ اہلکاروں کی لاشیں برآمد کی جا چکی ہیں۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے برطانیہ، فرانس، اور یوکرین کی جانب سے جنگ روکنے کے لیے مل کر اتفاق کرنے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

اور کھیلوں میں روزنامہ انقِلاب نے آئی سی سی چیمپینز ٹرافی کے 12ویں میچ میں کل بھارت کی جانب سے Newzealand کو 44 رن سے شکست دینے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج، جنگلاتی زندگی کے عالمی دن کے موقع پر گجرات میں، ساسن گیر میں جنگلاتی زندگی سے متعلق قومی بورڈ کی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

2- داخلی امور اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ آج نئی دلّی میں، ڈیری شعبے میں دیرپائیگی اور مساوات سے متعلق ورکشاپ کا افتتاح کریں گے۔

3- بی جے پی کی قیادت والی دلّی سرکار اس مہینے کی 8 تاریخ سے مہیلا سَمردھی یوجنا کے تحت ڈھائی ہزار روپے ماہانہ فراہم کرنے کے لیے رجسٹریشن کا عمل شروع کرے گی۔

4- Zoe Saldana نے، 97 ویں اکیڈمی ایوارڈز کی تقریب میں، Emilia Perez فلم پر، بہترین سَپورٹنگ ایکٹریس کا خطاب جیتا ہے۔

5- برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer نے یوکرین سے متعلق ایک کامیاب امن معاہدے کے لیے 4 نکاتی منصوبہ تیار کیا ہے۔

6- اور کرکٹ میں، چیمپئنس ٹرافی میں گروپ اے کے تحت بھارت نے نیو زیلینڈ کو 44 رن سے ہرا کر سرِ فہرست پوزیشن حاصل کی۔ اب سیمی فائنل میں اُس کا مقابلہ آسٹریلیا سے ہوگا۔